| | | |
|---|---|---|
| مکان | makān *m.* | hus, bygning |
| مالک مکان | mālik makān *m.* | huseier |
| کرایہ | kirāya *m.* | leie |
| کرایہ دار | kirāyadār *m.* | leieboer |
| مربّع میٹر | murabbā mīṭar *m.* | kvadratmeter |
| رکن | rukn *m & f.* | medlem |
| بیٹھک | baiṭhak *m.* | stue |
| سونے کا کمرہ | sone kā kamra *m.* | soverom |
| باورچی خانہ | bāvarcī khāna *m.* | kjøkken |
| منزل | manzil *f.* | etasje |

1. Lytt til dialogen og besvar spørsmålene. Transkripsjon på s. 5.

جمشید : آپ کس قسم کے مکان میں رہتی ہیں ؟
روتھ : میں فلیٹ میں رہتی ہوں ۔
ج : کیا آپ نے فلیٹ خریدا ہے ، یا کرائے پر لیا ہے ؟
ر : میں نے فلیٹ کرائے پر لیا ہے ۔
ج : آپ مہینے میں کتنا کرایہ دیتی ہیں ؟
ر : میں مہینے میں ٦٢٠٠ کراؤن دیتی ہوں ۔
ج : آپ کا فلیٹ کتنے مربّع میٹر کا ہے ؟
ر : میرا فلیٹ ۴٢ مربّع میٹر کا ہے ۔
ج : آپ کون سی منزل پر رہتی ہیں ؟
ر : میں دوسری منزل پر رہتی ہوں ۔
ر : کیا آپ مکان کے borettslag کی رکن ہیں ؟
ر : جی نہیں ، میری عمارت میں کوئی borettslag نہیں ،
سارے رہنے والے کرایہ دار ہوتے ہیں ۔
ج : فلیٹ میں کتنے کمرے ہیں ؟
ر : فلیٹ میں دو کمرے ہیں ، ایک بیٹھک اور ایک سونے کا کمرہ ۔
ج : پھر باورچی خانہ کہاں ہے ؟
ر : باورچی خانہ بیٹھک کے ایک کونے میں ہے ۔

**سوال :**

١ ۔ روتھ کس قسم کے مکان میں رہتی ہیں ؟

٢ - کیا روتھ نے فلیٹ خریدا ہے ، یا کرائے پر لیا ہے ؟
٣ - روتھ مہینے میں کتنا کرایہ دیتی ہیں ؟
۴ - روتھ کا فلیٹ کتنے مربّع میٹر کا ہے ؟
۵ - روتھ کون سی منزل پر رہتی ہیں ؟
٦ - کیا روتھ مکان کے borettslag کی رکن ہیں ؟
٧ - روتھ کے فلیٹ میں کتنے کمرے ہیں ؟

| | | |
|---|---|---|
| اکیلا | akelā | alene |
| غسل خانہ | ghusl khāna *m.* | baderom |
| تزئین | taz[a]'īn *f.* | oppussing, pynt |
| مرمت | marammat *f.* | reparasjon |
| رنگ کرنا | rang karnā *tr.* | å male |
| فرش | farś *m.* | gulv |
| آراستہ | ārāsta *adj.* | pyntet, ordnet |
| فرنیچر سے آراستہ | farnīcar se ārāsta | møblert |
| پلنگ | palang *m.* | seng |
| صوفہ | sofa *m.* | sofa |
| آرام کرسی | ārām kursī *f.* | lenestol |
| باری | bārī *f.* | tur |
| سیڑھیاں | sīṛhiyā̃ *f. pl.* | trapp |
| ملازم | mulāzim *m.* | tjener |
| عمارت | imārat *f.* | bygning |
| مشترکہ | muśtar[a]ka *adj.* | felles |
| گھر بدلنا | ghar badalnā *tr.* | å flytte |
| موجودہ | maujūda *adj.* | nåværende |

2. Lytt til dialogen og besvar spørsmålene. Transkripsjon på ss. 5-6.

ج : کیا آپ کے فلیٹ میں آپ کے ساتھ کوئی اور رہتا ہے ؟
ر : جی نہیں ، میں اکیلی رہتی ہوں ۔
ج : کیا فلیٹ نیا ہے یا پرانا ؟
ر : فلیٹ پرانا ہے مگر مالک مکان نے اُس کی تزئین کی ہے ۔
ج : مالک مکان نے کس طرح تزئین کی ہے ؟
ر : اُس نے باورچی خانے کی مرمّت کروائی اور دیواروں پر سفید رنگ کروا دیا ۔

ج : کیا فلیٹ فرنیچر سے آراستہ تھا ، یا آپ کو اپنا فرنیچر لانا پڑا ؟
ر :فرنیچر سے آدھا آراستہ تھا ۔ میز کرسیاں اور ایک پلنگ فلیٹ میں تھا ۔ میں صوفہ اور آرام کرسی لائی ۔
ج : کیا آپ کو باری آنے پر سیڑھیوں کی صفائی کرنی پڑتی ہے ؟
ر : جی نہیں ، سیڑھیوں کی صفائی کرنے کے لئے کوئی ملازم رکھا ہوا ہے ۔
ج : کیا آپ کی عمارت میں کپڑے دھونے کی مشترکہ مشین ہے ؟
ر : جی نہیں ، ہر فلیٹ کے غسل خانے میں ایک کپڑے دھونے کی مشین رکھی ہوئی ہے ۔
ج : کیا آپ گھر بدلنا چاہتی ہیں ؟
ر : جی نہیں ، موجودہ گھر ٹھیک ٹھاک ہے ۔ مگر کسی دن میں اپنا ایک فلیٹ خریدنا چاہتی ہوں ۔

**سوال :**

۱ ۔ کیا فلیٹ میں روتھ کے ساتھ کوئی اور رہتا ہے ؟
۲ ۔ کیا روتھ کا فلیٹ نیا ہے یا پرانا ؟
۳ ۔ کیا فلیٹ فرنیچر سے آراستہ تھا ، یا روتھ کو اپنا فرنیچر لانا پڑا ؟
۴ ۔ کیا روتھ کو سیڑھیوں کی صفائی کرنی پڑتی ہے ؟
۵ ۔ کیا روتھ کی عمارت میں کپڑے دھونے کی مشترکہ مشین ہے ؟
٦ ۔ کیا روتھ گھر بدلنا چاہتی ہیں ؟

3. Svar på spørsmålene angående din egen bolig.

۱ ۔ آپ کس قسم کے مکان میں رہتے ہیں ؟
۲ ۔ کیا آپ نے مکان خریدا ہے ، یا کرائے پر لیا ہے ؟
۳ ۔ آپ مہینے میں کتنا کرایہ دیتے ہیں ؟
۴ ۔ کیا آپ مکان کے borettslag کے رکن ہیں ؟
۵ ۔ آپ کے مکان میں کتنے کمرے ہیں ؟
٦ ۔ کیا مکان میں آپ کے ساتھ کوئی اور رہتا ہے ؟
۸ ۔ کیا مکان نیا ہے یا پرانا ؟
۹ ۔ کیا مکان فرنیچر سے آراستہ تھا ، یا آپ کو اپنا فرنیچر لانا پڑا ؟
۱۰ ۔ سیڑھیوں کی صفائی کون کرتا ہے ؟
۱۱ ۔ سیڑھیوں کی صفائی کب کرنا ہوتی ہے ؟
۱۲ ۔ کیا آپ کی عمارت میں کپڑے دھونے کی مشترکہ مشین ہے ؟
۱۳ ۔ کیا آپ گھر بدلنا چاہتے ہیں ؟

4. Lytteprøve [*]

Lytt til teksten og svar på spørsmålene.

| | | |
|---|---|---|
| آداب ( > ادب) | ādāb *m.pl.* ( < adab) | hilsen(er), regler |
| صفائی | safāī *f.* | renhold |
| شور | śor *m.* | støy |
| غل | g͟hul *m.* | støy |
| شور و غل | śor-ŏ-g͟hul *m.* | forstyrrelse |
| سکھانا | sukhānā *tr.* | å tørke |
| لٹکانا | laṭkānā *tr.* | å henge |
| کوڑا کرکٹ | kūṛā karkaṭ *m.* | søppel |
| تھیلا | thelā *m.* | pose |
| مقررہ | muqarrara *adj.* | avtalt, anvist |
| پھینکنا | phẽknā *tr.* | å kaste |
| داخلہ | dāk͟hila *m.* | inngang, opptak |
| اوقات ( > وقت) | auqāt *m.pl.* ( < vaqt) | tider |
| کے دوران | × ke daurān *cpd. ppn.* | under, i løpet av |
| جھاڑنا | jhāṛnā *tr.* | å feie |
| غسل کرنا | g͟husl karnā *tr.* | å bade, dusje |
| پرہیز کرنا | parhez karnā *tr.* | å la være å |
| منع | manā *adj.* | forbudt |
| ہرج | harj *adj.* | skade |
| بے وقت | be vaqt *adj.* | i utide |

۱ ۔ رات کے دس بجے کے بعد شور کیوں منع ہے ؟

۲ ۔ کیا اتوار کو کپڑے باہر سکھانے میں کوئی ہرج ہے ؟

۳ ۔ پاکستان میں کوڑا کرکٹ پھینکنے کا کیا انتظام ہے ؟

۴ ۔ عمارت میں داخلے کا دروازہ رات کو کیوں بند رکھنا ضروری ہے ؟

۵ ۔ کیا پاکستان میں داخلے کا دروازہ رات کو بند رکھنا ضروری ہے ؟

۶ ۔ کپڑے دھونے کی مشترکہ مشین بے وقت استعمال کرنا کیوں منع ہے ؟

۷ ۔ کیا قالین کو بالکونی سے لٹکانے میں کوئی ہرج ہے ؟

۸ ۔ کیا گیارہ بجے کے بعد غسل کرنے میں کوئی ہرج ہے ؟

[*] Bearbeidet fra *Nārve mī tārkīn-ĕ-vatan*, ss. 57-58. Universitetsforlaget, 1984.

Jamśed: āp kis qism ke makān mẽ rahtī haĩ?
Rūth: maĩ flaiṭ mẽ rahtī hū̃.
J. kyā āp ne flaiṭ kharīdā hai, yā kirāe par liyā hai?
R. maĩ ne flaiṭ kirāe par liyā hai.
J. āp mahīne mẽ kitnā kirāya detī haĩ?
R. maĩ mahīne mẽ 6200 krāun detī hū̃.
J. āp kā flaiṭ kitne murabbā mīṭar kā hai?
R. merā flaiṭ 42 murabbā mīṭar kā hai.
J. āp kaun sī manzil par rahtī haĩ?
R. maĩ dūsrī manzil par rahtī hū̃.
J. kyā āp makān ke "borettslag" kī rukn haĩ?
R. jī nahĩ, merī imārat mẽ koī "borettslag" nahĩ. sāre rahne vāle kirāya-dār hote haĩ.
J. flaiṭ mẽ kitne kamre haĩ?
R. flaiṭ mẽ do kamre hai, ek baiṭhak aur ek sone kā kamra.
J. phir bāvarcī khāna kahā̃ hai?
R. bāvarcī khāna baiṭhak ke ek kone mẽ hai.

**savāl:**

1. Rūth kis qism ke makān mẽ rahtī haĩ?
2. kyā Rūth ne flaiṭ kharīdā hai, yā kirāe par liyā hai?
3. Rūth mahīne mẽ kitnā kirāya detī haĩ?
4. Rūth kā flaiṭ kitne murabbā mīṭar kā hai?
5. Rūth kaun sī manzil par rahtī haĩ?
6. kyā Rūth makān ke "borettslag" kī rukn haĩ?
7. Rūth ke flaiṭ mẽ kitne kamre haĩ?

J. kyā flaiṭ mẽ āp ke sāth koī aur rahtā hai?
R. jī nahĩ, maĩ akelī rahtī hū̃.
J. kyā flaiṭ nayā hai yā purānā?
R. flaiṭ purānā hai, magar mālik makān ne us kī taz'īn kī hai.
J. mālik makān ne kis tarah taz'īn kī hai?
R. us ne bāvarcī khāne kī marammat karvāī aur dīvārõ par safed rang karvā diyā.
J. kyā flaiṭ farnīcar se ārāsta thā, yā āp ko apnā farnīcar lānā paṛā?
R. farnīcar se ādhā ārāsta thā. mez kursiyā̃ aur ek palang flaiṭ mẽ thā. maĩ sofa aur ārām kursī lāī.
J. kyā āp ko bārī āne par sīṛhiyõ kī safāī karnī paṛtī hai?
R. jī nahĩ, sīṛhiyõ kī safāī karne ke lie koī mulāzim rakhā hūā hai.
J. kyā āp kī imārat mẽ kapṛe dhone kī muśtaraka maśīn hai?
R. jī nahĩ, har flaiṭ ke ghusl khāne mẽ ek kapṛe dhone kī maśīn rakhī hūī hai.

J. kyā āp ghar badalnā cāhtī haĩ?
R. jī nahĩ, maujūda ghar ṭhīk ṭhāk hai. magar kisī din maĩ apnā ek flaiṭ kharīdnā cāhtī hū̃.

**savāl:**

1. kyā flaiṭ mẽ Rūth ke sāth koī aur rahtā hai?
2. kyā flaiṭ nayā hai yā purānā?
3. kyā flaiṭ farnīcar se ārāsta thā, yā Rūth ko apnā farnīcar lānā paṛā?
4. kyā Rūth ko sīṛhiyõ kī safāī karnī paṛtī hai?
5. kyā Rūth kī imārat mẽ kapṛe dhone kī muśtaraka maśīn hai?
6. kyā Rūth ghar badalnā cāhtī haĩ?

Svar på spørsmålene angående din egen bolig.

1. āp kis qism ke makān mẽ rahte haĩ?
2. kyā āp ne flaiṭ kharīdā hai, yā kirāe par liyā hai?
3. āp mahīne mẽ kitnā kirāya dete haĩ?
4. kyā āp makān ke "borettslag" ke rukn haĩ?
5. āp ke makān mẽ kitne kamre haĩ?
6. kyā makān mẽ āp ke sāth koī aur rahtā hai?
7. kyā makān nayā hai yā purānā?
8. kyā makān farnīcar se ārāsta thā, yā āp ko apnā farnīcar lānā paṛā?
9. sīṛhiyõ kī safāī kaun kartā hai?
10. sīṛhiyõ kī safāī kab karnā hai?
11. kyā āp kī imārat mẽ kapṛe dhone kī muśtaraka maśīn hai?
12. kyā āp ghar badalnā cāhte haĩ?